رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **تیسرا** مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **14-02-2024** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: اگر کسی نے غسل کر لیا لیکن وضو نہیں کیا، تو کیا اس کو الگ سے وضو کرنے کی ضرورت ہے؟

سوال نمبر 2: کیا کپڑے تبدیل کرنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

سوال نمبر 3: معذور شرعی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 4: کیا معذور شرعی کا وضو اس چیز سے چلا جاتا ہے جس مرض کی وجہ سے وہ معذور ہے؟

سوال نمبر 5: مکمل قرآن پاک، کسی آیت یا ترجمہ کو بے وضو چھونے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: کیا وضو میں بھی اسراف ہے؟ اس سوال کے جواب میں حضور ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

سوال نمبر 7: غسل کی نیت کیسے کریں؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: کیا فوارہ جاری پانی کے حکم میں ہے؟

سوال نمبر 9: لوگوں کے سامنے ستر کھول کر نہانے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 10: بے وضو دینی کتابوں کے چھونے کا حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 11: حضور ﷺ نے غسل خانے میں پیشاب کرنے سے کیوں منع فرمایا؟

سوال نمبر 12: کیا تیمّم میں سر اور پاؤں کا مسح ہوتا ہے؟

سوال نمبر 13: ثناء تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 14: قومہ کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 15: چار رکعت والی نماز میں دوسرے قعدے کو کیا کہتے ہیں؟

سوال نمبر 16: نماز میں طہارت شرط ہے، اس سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 17: مرد کے لئے ستر عورت کہاں سے کہاں تک ہے؟

سوال نمبر 18: استقبال قبلہ کسے کہتے ہیں؟ معنی تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: تحرّی (یعنی غور و فکر) کرنے کے بعد نماز پڑھی بعد میں معلوم ہوا کہ قبلہ کی طرف نماز نہیں پڑھی۔ نماز ہو گئی یا نہیں؟ حکم تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: اسلامی بہنوں کے لئے کس وقت نماز فجر ادا کرنا مستحب ہے؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: تشہّد (التحیات) تحریر کیجئے۔ اعراب لگانے کی ضرورت نہیں۔

سوال نمبر 2: (الف) کسی شخص نے دل میں ظہر کی نماز پڑھنے کی نیت کی لیکن زبان سے لفظ عصر نکل گیا۔ تو نماز ظہر ہو گئی یا نہیں؟

(ب) نیز بتائیں کہ کیا نماز کو "اللہ اکبر" کہہ کر شروع کرنا ضروری ہے؟

سوال نمبر 3: کیا امام کی قراءت مقتدی کے لئے کافی ہے؟ تفصیلاً تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: فرض کی صرف ایک رکعت میں قراءت کی تو کیا نماز ہو گئی؟

سوال نمبر 5: رکوع میں اتنا جھکنا کہ ہاتھ بڑھائے تو گھٹنوں تک پہنچ جائیں، یہ رکوع کا کونسا درجہ ہے نیز سجدے میں پیشانی جمنے کے کیا معنی ہیں؟